

روزنامہ ورق تازہ 2

حالاتِ حاضرہ

दैनिक वरक-ए-ताजा

08 July 2025




# سراج الدولہ کے قتل کا معمہ اور 'نمک حرام ڈیوڑھی'

## 250 سال سے 'غداری کا طعنہ' سننے والے میر جعفر کے ورثا کی کہانی

**امیتابھ بھٹاچاریہ**

مرشد آباد شہر کے مشہور سیاحتی مقامات ہزارہ دوری اور امام باڑہ سے کچھ ہی فاصلے پر ایک بڑا لیکن خستہ حال دروازہ ہے جس کی لال اینٹیں کافی حد تک ٹوٹ پھوٹ چکی ہیں۔ اس دروازے سے، جسے 'شیر دروازہ' بھی کہا جاتا ہے، اندر داخل ہوتے ہی ایک عجیب سی کیفیت طاری ہو جاتی ہے۔ یہاں نصب ایک قدیم نیلے رنگ کے بورڈ کو دیکھ کر ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے کسی ٹائم مشین نے آپ کو 268 سال پرانے کے زمانے میں پہنچا دیا ہو۔ ایسا لگتا ہے کہ جیسے آپ اپنی نظروں کے سامنے ایک نوجوان لیکن تباہ حال قیدی کو گزرتے دکھ سکتے ہیں۔ یہ کیم یا دو جولائی 1757 کا منظر ہے۔ اس قیدی کو چند ہی دن پہلے تک منصور الملک یا ہیبت جنگ کے نام سے بہت عزت اور احترام سے پکارا جاتا تھا۔ اس کا پورا نام میر سید ظفر علی خان مرزا محمد سراج الدولہ تھا یعنی نواب سراج الدولہ۔ ڈھائی سو سال کا عرصہ گزر جانے کے باجود آج بھی اس شیر دروازے کو، جہاں سے قیدی سراج الدولہ گزرے تھے، 'نمک حرام ڈیوڑھی' کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ آپ کے لیے یہ سوچنا مشکل نہیں ہوگا کہ اس نام کی وجہ کیا ہے اور یہ محل کس کا ہوگا؟ یہ جعفر آباد محل ہے اور ایک زمانے میں میر جعفر کی رہائش گاہ ہوا کرتا تھا۔

### 'نمک حرام ڈیوڑھی'

پلاسی کی جنگ کے بعد سے ہی مقامی لوگوں نے میر جعفر کے محل کو 'نمک حرام ڈیوڑھی' پکارنا شروع کر دیا تھا۔ کچھ مورخین کا یہ بھی ماننا ہے کہ اسی محل میں ہی سراج الدولہ کو قتل کیا گیا تھا تاہم اس بارے میں ایک اور رائے بھی موجود ہے۔ اس رائے کے مطابق سراج الدولہ کو گنگا کنارے موجود ان کے ہی محل میں، جسے منصور گنج محل کہتے تھے، میں لا کر میر جعفر کے بیٹے میرن کے حکم پر قتل کیا گیا تھا۔ فارق عبداللہ لال باغ کالج میں تاریخ کے پروفیسر ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ 'سراج الدولہ کو قتل کرنے کے بعد ان کی لاش کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے گئے اور ان ٹکڑوں کو ہاتھیوں پر مرشد آباد شہر لایا گیا۔' 'مجھے میر جعفر کے جانشینوں سے علم ہوا کہ جب یہ ہاتھی اس مقام پر پہنچے جہاں آج کا سرائے خانہ علاقہ ہے تو مقامی لوگ ان کے سامنے کھڑے ہو گئے۔' وہ کہتے ہیں کہ 'عوامی احتجاج کا سپاہی سامنا نہ کر سکے اور سراج الدولہ کی لاش کے ٹکڑے ایک کنویں میں پھینک کر فرار ہو گئے۔ تب سے اس جگہ کا نام سراج الدولہ بازار پڑ گیا لیکن اب یہ موجود نہیں۔'





### غداری

لیکن میر جعفر کے ورثا کے مطابق ایسا نہیں ہوا تھا بلکہ وہ خاندانی ذرائع سے سنی جانے والی ایک اور کہانی سناتے ہیں۔ ان کے مطابق 'سراج الدولہ کو میرن کے حکم پر قتل نہیں کیا گیا تھا بلکہ انھیں دو برطانوی سپاہیوں نے گولی مار کر ہلاک کیا تھا۔' میر عبداللہ بھی میر جعفر کے ورثا میں شامل ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ 'میں نے خاندان کے بڑوں سے سنا کہ سراج الدولہ کو جب گرفتار کر لیا گیا تھا تو بعد میں میر جعفر کو انگریزوں کی چال سمجھ آئی اور انھوں نے میرن کو بھیجا تاکہ سراج کو فرار ہونے میں مدد دی جا سکے۔' 'لیکن وہاں دو برطانوی سپاہی پہرہ دے رہے تھے۔ انھیں اس منصوبے کا علم ہو گیا اور انھوں نے سراج الدولہ کو فوری گولی مار دی۔'

### میر جعفر کے ورثا کہاں ہیں؟

میر جعفر کے ورثا دنیا کے مختلف حصوں میں موجود ہیں۔ کچھ مرشد آباد میں ہی ہیں اور انھیں آج بھی نواب یا چھوٹے نواب کہا جاتا ہے۔ ان میں سے کچھ لال باغ قلعے کے اندر بھی رہتے ہیں۔ سید محمد راجہ علی مرزا، جنھیں چھوٹے نواب بھی کہا جاتا ہے، کہتے ہیں کہ 'ہمارے خاندان کے تین ہزار رکن ہیں۔ کچھ یہیں رہتے ہیں، کچھ برطانیہ، امریکہ یا دوسرے ممالک منتقل ہو چکے ہیں لیکن ان سب کے گھر یہاں بھی ہیں۔' وہ کہتے ہیں کہ پاکستان کے چوتھے اور آخری گورنر جنرل اور پہلے صدر سکندر علی مرزا بھی میر جعفر کے ورثا میں شامل ہیں جو برطانیہ میں تربیت حاصل کرنے کے بعد فوج میں شامل ہو گئے تھے۔ میر جعفر کے آباؤ اجداد کے بارے میں گمان کیا جاتا ہے کہ وہ عرب سے انڈیا آئے تھے۔ ان کے ورثا کا دعویٰ ہے کہ ان کا شجرہ نسب پیغمبر اسلام کے نواسے امام حسن اور امام حسین سے جا ملتا ہے۔ میر جعفر کے بارے میں مستند تاریخی کتب میں بھی حوالے موجود ہیں۔ پرنا چندرا مجمدار کی کتاب 'مرشد آباد کی مسند' جو 1905 میں چھپی تھی کے علاوہ فضل ربی کی کتاب 'حقیقت مسلمانان بنگلہ' میں بھی میر جعفر کے آباؤ اجداد کی تفصیلات ملتی ہیں۔ مورخ رجت کانت رائے کا کہنا ہے کہ 'میر جعفر بنگال میں مغل فوج میں بخشی ہوا کرتے تھے یعنی جس عہدے کو انگریزی میں بعد میں چیف کمانڈر کہا گیا یا پھر پے ماسٹر جنرل۔' ان کا کہنا ہے کہ 'جب میر جعفر مغل فوج میں شامل ہوئے تو پہلے وہ ایک عام گھڑ سوار سپاہی تھے۔ رفتہ رفتہ وہ ترقی پاتے چلے گئے خصوصاً علی وردی خان کے دور میں۔ علی وردی نے ان سے حلف لیا تھا کہ وہ کسی بھی جنگ میں ہر حال میں سراج الدولہ کا ہی ساتھ دیں گے۔'

### 'پلاسی کا غدار'

انڈیا میں اور خصوصی طور پر بنگال میں لوگوں کا یہ ماننا ہے کہ پلاسی کی جنگ میں سراج الدولہ کو میر جعفر کی سازش کی وجہ سے ہی انگریزوں سے شکست ہوئی تھی۔ تاہم میر جعفر کے ورثا اس کو نہیں تسلیم کرتے۔ سید محمد باقر علی مرزا کہتے ہیں کہ 'جنگ کس لیے ہوئی؟ حکم کس نے دیا تھا؟ میر جعفر کا خیال تھا کہ وہ سپہ سالار ہے لیکن حکم کس نے دیا تھا؟'' 'کیا غداری کی تھی اس نے؟ جنگ ہوئی لیکن وہ شامل نہیں ہوا اسی لیے اسے غدار کہتے ہیں، اگر وہ اس لیے غدار ہو گیا کہ وہ جنگ میں شامل نہیں تھا تو یہ قابل قبول نہیں۔ آج تک کوئی یہ ثابت نہیں کر سکا کہ میر جعفر نے کیا غداری کی تھی۔' لیکن میر جعفر کے ورثا ڈھائی سو برس سے زیادہ عرصے سے طعنے سنتے چلے آ رہے ہیں۔ سیدہ ترت بیگم کے مطابق وہ میر جعفر کی آٹھویں نسل سے تعلق رکھتی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ 'انگریزوں نے میر جعفر سے چال چلی اور پورے ملک کے لوگوں کو یہ بات سمجھ نہیں آئی کہ میر جعفر کو ایک جال میں پھنسا کر اسے غدار بنا دیا گیا۔' وہ کہتی ہیں کہ 'آج تک اگر اس خاندان میں کوئی کچھ برا کرتا ہے تو لوگ کہتے ہیں یہ میر جعفر کی اولاد ہے اور کوئی اچھا کام کر لے تو لوگ کہتے ہیں یہ تو مرشد آباد سے ہے۔' میر جعفر کو غدار کہنے کی ایک بڑی وجہ یہ ہے کہ انھوں نے انگریزوں کا ساتھ دیا لیکن تین سال کے عرصے میں ہی میر جعفر کو عہدے سے ہٹا کر میر قاسم کو بنگال کا حکمران بنا دیا گیا۔ لیکن کچھ عرصے بعد میر جعفر کو دوبارہ واپس لایا گیا۔ پانچ فروری 1765 کو وفات کے وقت بھی میر جعفر ہی بنگال کے نواب تھے۔ انھیں محل کے سامنے خاندانی قبرستان میں دفن کیا گیا تھا۔

# 'گولڈ ڈگرز' محض ایک گیم یا خواتین کو بدنام کرنے کا نیا ہتھیار؟

**کیلی اینجی، ایبل یو**

'یہ کسی کتے سے بھی زیادہ فرمانبردار ہے۔۔۔ کاش ایسے ہی اور بے وقوف آ جائیں۔' یہ بات ایک نئے ویڈیو گیم میں ایک خاتون شیخی بگھارتے ہوئے کہتی ہیں، جس نے چین میں صنفی تعصب پر ایک نئی بحث کو جنم دیا ہے۔ لائیو ایکشن گیم 'ریوینج آن گولڈ ڈِگرز' میں مرد کھلاڑی ایسے کردار ادا کرتے ہیں جو چالاک عورتوں کے جال میں پھنس جاتے ہیں اور وہ ان کے پیسے کے پیچھے ہوتی ہیں اور مرد کا ردِعمل کہانی کا رخ طے کرتا ہے۔ یہ گیم جون میں ریلیز ہوتے ہی چند گھنٹوں میں گیمنگ پلیٹ فارم سٹیم کی سیلز لسٹ میں سرفہرست آ گئی لیکن اس کے فوراً بعد اس سے متعلق تنازع بھی کھڑا ہو گیا۔ کچھ لوگوں نے اسے خواتین کے خلاف توہین آمیز دقیانوسی تصورات کو مضبوط کرنے والا قرار دیا جبکہ اس کے حامیوں کا کہنا ہے کہ یہ گیم لوگوں کو جذباتی فراڈ سے خبردار کرتی ہے۔ تنقید اس قدر شدید تھی کہ اگلے ہی دن گیم کے تخلیق کاروں نے چپ چاپ اس کا نام بدل کر 'ایموشنل اینٹی فراڈ سٹیمولیٹر' یعنی فراڈ کے خلاف جذباتی محرک رکھ دیا۔ مگر یہ تبدیلی بھی نقصان کی تلافی نہ کر سکی۔ گیم کے مرکزی ہدایتکار اور ہانگ کانگ کے فلم ساز مارک ہو کو اب کئی چینی سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر بین کر دیا گیا ہے۔ گیم بنانے والوں کا اصرار ہے کہ ان کا مقصد خواتین کو نشانہ بنانا نہیں تھا، بلکہ وہ 'جدید رشتوں میں جذباتی حدود اور ابہام پر کھلی گفتگو کو فروغ دینا چاہتے تھے۔' شوئی کن ایک فنکار ہیں، انھوں نے یہ گیم کھیلی ہے اور اسے توہین آمیز پایا۔ وہ گیم تیار کرنے والوں کی مندرجہ بالا دلیل کو رد کرتی ہیں۔ وہ اس گیم کو 'ایک عام کاروباری ماڈل' کہتی ہیں جو 'ایسا مواد تخلیق کر کے منافع کماتا ہے جو مباحثے اور تفرقے کو جنم دے۔' ایسی تنقید کرنے والوں کا کہنا ہے کہ 'گولڈ ڈگر' جیسا لفظ خود صنفی تعصب کا عکاس ہے۔ مزشو کہتی ہیں کہ 'یہ لیبل اکثر عورتوں پر ہی لگایا جاتا ہے۔۔۔ جنسی امتیاز پر مبنی مذاق اور توہین آمیز الفاظ ہماری روزمرہ زبان کا حصہ بن چکے ہیں۔' انھوں نے کہا کہ 'گر آپ کا بوائے فرینڈ امیر ہے، تو آپ کو گولڈ ڈگر کہا جاتا ہے۔ اگر آپ خود کو اچھا دکھانے کی کوشش کرتی ہیں، تب بھی آپ کو گولڈ ڈگر کہا جاتا ہے۔۔۔ کبھی تو صرف کسی کے ڈرنکس کی پیشکش قبول کرنے پر بھی آپ کو یہ نام دے دیا جاتا ہے۔' تاہم کچھ کھلاڑیوں کو اس گیم کی تنقید مبالغہ آرائی لگتی ہے۔ بی بی سی سے بات کرنے کے لیے زوانگ مینگشینگ کا فرضی نام استعمال کرنے والے 31 سالہ شخص نے کہا کہ 'یہ گیم یہ نہیں کہہ رہی ہے کہ ساری عورتیں گولڈ ڈگر ہیں۔۔۔ مجھے یہ نہیں لگا کہ یہ کسی ایک صنف کو نشانہ بنا رہی ہے۔' ان کے مطابق 'عورتیں اور مرد دونوں ہی گولڈ ڈگر ہو سکتے ہیں۔' لیکن اس کے باوجود گیم میں جتنی بھی 'گولڈ ڈگر' کردار ہیں، وہ سب عورتیں ہیں۔ چاہے وہ والی آن لائن انفلوئنسر ہوں یا کوئی حوصلہ مند کاروباری خاتون، سب کو یہ دکھایا گیا ہے کہ وہ مردوں سے پیسہ اور تحفے وصول کرنے کے لیے سازشیں کر رہی ہیں۔ گیم میں شامل ایک عورت کہتی ہیں کہ 'اگر تم جاننا چاہتی ہو کہ مرد تم سے محبت کرتا ہے یا نہیں؟ تو یہ دیکھو کہ وہ تم پر کتنا خرچ کرتا ہے۔' اس گیم نے مقامی میڈیا کو بھی منقسم کر دیا ہے۔ وسطی صوبہ ہوبئی سے شائع ہونے والے ایک اخبار نے لکھا کہ یہ گیم 'پوری ایک صنف کو دھوکے باز کہہ کر بدنام کر رہی ہے۔' لیکن بیجنگ یوتھ ڈیلی نے اس کی 'تخلیقی صلاحیت' کو سراہا اور نیشنل اینٹی فراڈ سینٹر کا حوالہ دیتے ہوئے جذباتی فراڈ کے مالی اثرات کا ذکر کیا۔ سینٹر کے مطابق سنہ 2023 میں تقریباً دو ارب یوآن (279 ملین ڈالر) کا نقصان ہوا۔ اپنے اداریے میں اس نے لکھا کہ 'ہمارے لیے جذباتی دھوکے کو فوراً روکنا ضروری ہے۔' تنازعات کے باوجود اس گیم کی فروخت میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ اب چین کے پی سی پلیٹ فارم پر دس سرفہرست گیمز میں شامل ہے، یہاں تک کہ چین کی تاریخ کی سب سے کامیاب کہلائے جانے والی گیم 'بلیک متھ: ووکونگ' کو بھی یہ پیچھے چھوڑتی نظر آ رہی ہے۔ ایک 28 سالہ شخص نے کہا: 'مجھے سمجھ نہیں آتی لوگوں کو اس پر غصہ کیوں ہے۔ اگر آپ خود گولڈ ڈگر نہیں ہیں، تو اس گیم سے پریشان کیوں ہیں؟' انھوں نے مزید کہا: 'میرے خیال میں گیم بنانے والے بہت دلیر ہیں۔ یہ مسائل (جیسے جذباتی فراڈ) چین میں زیادہ زیرِ بحث نہیں آتے۔' کچھ لوگوں کا کہنا ہے کہ یہ گیم ایک حقیقی واقعے سے متاثر ہے۔ ایک چینی مرد، جو انٹرنیٹ پرفیکٹ کیٹ کے نام سے جانے جاتے تھے انھوں نے گذشتہ سال بریک اپ کے بعد خودکشی کر لی۔ ان کی موت نے انٹرنیٹ پر ایک شدید بحث چھیڑ دی، جہاں 'گولڈ ڈگر' کی اصطلاح کو کھلے عام استعمال کیا گیا اور کچھ لوگوں نے ان کی سابقہ گرل فرینڈ پر الزام لگایا کہ انھوں نے جذباتی طور پر ان کا استحصال کیا جس کی وجہ سے انھوں نے اپنی جان لے لی۔ پولیس نے ان الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔ بی بی سی سے بات کرنے والی کچھ خواتین کو تشویش ہے کہ یہ ویڈیو گیم چین میں ان صنفی رویوں کو مزید پختہ کرتی ہے جن کے مطابق عورت کی جگہ صرف گھر میں ہے، جبکہ مرد کو کمانے والا سمجھا جاتا ہے۔ اسی لیے عورت کے لیے اچھی شادی کرنا، اکثر پیشہ ورانہ کامیابی سے زیادہ اہم سمجھا جاتا ہے۔ مردوں کی بالادستی والی چینی کمیونسٹ پارٹی بھی اسی سوچ کی تائید کرتی ہے۔ صدر شی جن پنگ بار بار عورتوں کو 'اچھی بیوی اور ماں' کا کردار اپنانے کی تلقین کر چکے ہیں۔ حکومت ان سرگرم کارکنوں کے خلاف بھی سخت کارروائی کر رہی ہے جو صنفی برابری کا مطالبہ کرتے ہیں۔ اپنا نام نہ ظاہر کرنے کی شرط پر ایک خاتون نے بتایا: 'مجھے لگتا ہے کہ ایسی گیم مردوں اور عورتوں کے درمیان دشمنی کو ہوا دیتی ہے۔' انھوں نے مزید کہا: 'یہ عورتوں کو ایک بار پھر کمتر صنف کے طور پر پیش کرتی ہے جنھیں اپنی روزی روٹی کے لیے مردوں کو خوش کرنا ہے۔'

(بی بی سی اردو سروس)



## راہ نما ═══ مبارک کاپڑی

# ہندی زبان کی لازمی تدریس: اصل ماجرہ کیا ہے؟

آج ملک بھر میں ہندی زبان کو تعلیمی اِداروں میں لازمی طور پر پڑھانے کے معاملے پر ایک طوفان برپا ہے، آج ہم اس صورتِ حال اور اِس کے نتائج کا جائزہ لیں گے۔

### حکومت کی منشا کیا ہے؟

موجودہ حکومت کا ایجنڈا کیا ہے اور اِس کے ہر اقدام میں اس کی منشا کیا ہے وہ ڈھکی چھپی نہیں ہے۔ یہ حکومت سنگھ پریوار کی بنیادی پالیسیوں پر عمل پیرا ہے اور حکومت کے وزراء سے لے کر معمولی ورکر تک اُن کے تئیں مکمل کمیٹیڈ ہیں۔ ۵/ہزار برسوں کی تاریخ میں پہلی بار گنجوں کو ناخن ملے ہیں اس لیے وہ باولے ہو چکے ہیں اور بدحواسی میں ہر وہ کام کر رہے ہیں جو جمہوریت اور انسانیت کے خلاف ہے۔ گزشتہ ایک دہائی میں کئی سارے جمہوری اِدارے تہس نہس ہو چکے ہیں اور جو چند بچے ہوئے ہیں اُن پر شب خون کے سارے منصوبے تیار ہیں۔ تعلیمی نظام اُن میں سے ایک ہے جس میں نئی تعلیمی پالیسی کے ذریعے اُتھل پتھل کرنے کی تیاری ہو رہی ہے۔ جس میں سے ایک یہ بھی ہے کہ مذہبی فرقہ پرستی کے ساتھ ساتھ لسانی عصبیت اور تنگ نظری کا ماحول تیار کرنا۔ فرقہ پرستی کا تانڈو مچانے کے لیے اُن کے پاس بڑے آسان اور آزمودہ نسخے ہیں: مسلمانوں کے خلاف لنچنگ، شریعت میں مداخلت، مساجد کی تہہ میں مورتیاں تلاش کرنا، وقف کی جائیدادوں پر قبضہ کرنا وغیرہ۔ لسانی تنگ نظری کے لیے اِس حکومت نے راستہ یہ اپنایا کہ ہندی زبان کو پورے ملک پر تھوپا جائے۔

### کثیر اللسان بننا ہے مگر۔۔۔:

اِن کالموں میں ہم نوجوانوں کو ہمیشہ کثیر اللسان بننے کا مشورہ دیتے آئے ہیں، البتّہ سنگھ پریوار کا مقصد اور منصوبہ کچھ مختلف ہے۔ سنگھ پریوار گزشتہ ایک صدی سے ایک ہی نشے میں دُھت ہے اور وہ ہے: ہندو، ہندی، ہندوستان۔ گولولکر سے لے کر موجودہ چیف تک سبھی اِنھی تین الفاظ کی مالا جپتے رہے ہیں اور اپنے ہزاروں گروکُل سے شیشو وِہار تک کے کروڑوں طلبہ کا ذہن بھی آلودہ کر رہے ہیں۔

### اکھنڈ بھارت سپنے کے سوداگر:

سِوِل سروسیس جیسے امتحانات میں شریک ہونے والے ہمارے طلبہ کو آج ہم سنگھ پریوار سے متعلق چند حقائق (اور اُن کی فکر کے چند تضادات) متعارف کرانا چاہیں گے:

(۱) ۱۰۰/سال پُرانی اِس تنظیم کے بانی ہیگڈے وار تھے۔ (۲) یہ اعلیٰ ذات کے ہندوؤں یعنی برہمنوں کی تنظیم ہے اور منوسمرتی کو اِس ملک کا آئین بنانا چاہتی ہے۔ (۳) اِسی پریوار سے وابستہ ونایک دامودر ساورکر نے سب سے پہلے دو قومی نظریے کی بنیاد رکھی اور اپنے سینکڑوں مضامین کے ذریعے عوام کو باور کرایا کہ ہندو اور مسلمان دو الگ قومیں ہیں اور دونوں ایک ساتھ نہیں رہ سکتیں۔ مسلمانوں میں موجودہ جذباتی و جوشیلے افراد نے اس تھیوری کو قبول کر لیا۔ اس طرح ۷۰۰/برس تک پورے برّصغیر پر حکومت کرنے والی اس قوم کو ٹکڑوں میں بانٹ دیا۔ (۴) پورا سنگھ پریوار اس ملک کی آزادی کے خلاف تھا محض اس لیے کہ مسلمان و سکھ قوم ملک کی آزادی میں پیش پیش تھیں اس لیے اس پریوار کی انتہا پسندی یہ تھی کہ اُس نے انگریزوں کا ساتھ دیا۔ مجاہدینِ آزادی کی مخبری کی، معافی نامے لکھے اور انگریزوں سے پینشن بھی لی۔ (۵) سنگھ پریوار کو یومِ آزادی، یوم جمہوریہ، ترنگا وغیرہ میں کوئی دلچسپی نہیں ہے کیوں کہ اِس نے تحریکِ آزادی میں حصّہ نہیں لیا اور اُن کی پوری تاریخ میں ایک بھی مجاہد آزادی پیدا نہیں ہوا۔ وہ سردار پٹیل کو آزادی کا ہیرو اور سنگھ پریوار سے وابستہ بتاتے رہے البتّہ تاریخ کا ایک معمولی طالب علم جب اُن سے پوچھتا ہے کہ آخر مہاتما گاندھی کے قتل کے بعد سردار پٹیل نے آر ایس ایس پر پابندی کیوں لگائی، تب وہ خاموش ہو جاتے ہیں۔ (۶) اِس تنظیم کے تعلق سے البتّہ ہمیں تعجب اس بات کا ہوتا ہے کہ سنگھ پریوار میں کافی ذہین افراد موجود ہیں وہ اپنے مُکھیا کی اس بات پر یقین کیسے کرتے ہیں کہ ایک روز اکھنڈ بھارت وجود میں آئے گا، جس میں بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش کے ساتھ ساتھ افغانستان بھی شامل رہے گا اور یہ خواب دِکھا دِکھا کر دنیا بھر سے فنڈ جمع کر لیتے ہیں۔ جی ہاں! آج سنگھ پریوار اپنے پیروکاروں کو ایک ہی سپنا بیچ رہا ہے اور اُس کا نام ہے: اکھنڈ بھارت۔

### ایک مُلک، ایک زبان، ایک۔۔۔:

اس ملک کے دانشوروں نے ماہرینِ تعلیم سے یقیناً موجودہ حکومت کو یہ مشورہ دیا ہوگا کہ اس ملک کو ایک رکھنا ہے تو اِس میں ایک زبان، ایک تہذیب، ایک کلچر، ایک رہن سہن، ایک کھانا پینا جیسا احمقانہ خیال بھی کسی ذہن میں پیدا نہیں ہونا چاہئیے البتّہ موجودہ حکومت کا المیہ یہ ہے کہ وہ اِسی پریوار کا حصّہ ہے۔ اس کی نظر میں راشٹر پتی، پردھان منتری، چیف جسٹس وغیرہ کے اوپر بھی ایک بڑا عہدہ ہوتا ہے اور وہ ہے: سرسنگھ چالک یعنی آر ایس ایس چیف، موجودہ حکومت کے لیے تو وہ وہی مرتبہ رکھتے ہیں جو انگریزوں کے دَور میں کوئن الیزابیتھ اور کنگ جارج ششم کا تھا۔ موجودہ سرسنگھ چالک کا ایک ہی نعرہ ہے: ہندو، ہندی، ہندوستان، وہ چاہتے ہیں کہ چاہے کچھ بھی ہو جائے، خانہ جنگی ہی کیوں نہ برپا ہو البتّہ غیر ہندی ریاستوں پر بھی ہندی کو تھوپا جائے اور اس کا آغاز مہاراشٹر سے کیا جائے۔ اس ریاست کے وزیر اعلیٰ ناگپور کے اور جی میرے آقا، کہنے والے برہمن ہیں لہٰذا اپنے 'شہنشاہ' کی خواہش پوری کرنے کے لیے وہ جان کی بازی لگا دینے پر آمادہ ہیں۔

### شمالی ہند بمقابلہ جنوبی ہند:

اپنے اقتدار، اپنی اکثریت، ای ڈی/آئی ٹی سے اپوزیشن کو ڈرانے اور دھمکانے کی خصلت کے نشے میں اس حکومت اور اِس کے آقا اس ملک کی تاریخ سے بھی آنکھیں موندے ہوئے ہیں۔ کوئی اُنھیں یاد دلائے کہ جنوبی ہند اور شمالی ہند کی سوچ، فکر، تہذیب و زبانیں سب الگ الگ ہیں۔ جنوبی ہند کی دراوڑن زبانیں عالمی زبانوں کی طرح ترقی یافتہ اور کامیاب ہیں۔ اُنھیں ہندی زبان کو تھوپنے پر اعتراض ہے، سنگھ پریوار یاد رکھے گا کہ جنوبی ہند والوں کو ہندی سے ایک زمانے میں بیر اس شدّت تک تھا کہ دُوردرشن کے آغاز کے دس سال تک تامل ناڈو نے ہندی زبان کی خبریں اور سیریئل تک پر پابندی لگائی تھی۔ شمالی ہند والوں کی ایک ہی ضد ہے کہ اُن ہی کی ریاست سے ملک کا وزیر اعظم منتخب ہو۔ ہندی ہی کے ایشو پر ہندی ریاستیں (اُتّر پردیش، اُترا کھنڈ، بہار، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش، چھتّیس گڑھ، راجستھان، ہریانہ) اس طرح ووٹنگ کرتی بھی آئی ہیں کہ ہندی علاقے کا شخص ہی وزیر اعظم کے عہدے پر فائز ہو۔ جنوبی ہند کی ریاستیں ہمیشہ سراپا احتجاج میں رہتی ہیں۔ دراصل سنگھ پریوار یہ بھی بھول جاتا ہے کہ ہندوستانی آئین نے کسی بھی واحد زبان کو قومی زبان قرار نہیں دیا۔ پنڈت نہرو نے بھی 'ہندستانی' (اُردو آمیز ہندی) کو اپنانے کا مشورہ دیا تھا اور سنگھ پریوار مُصر ہے کہ وہ سنسکرت آمیز ہندی کو ہی قبول کرے گی۔ پہلے آکاش وانی، پھر دُوردرشن اور سرکاری حکمنامے وغیرہ کے ذریعے سنسکرت آمیز ہندی کو پورے مُلک پر تھوپنے کی دانستہ اور شرانگیز حرکتوں کی وجہ ہی سے جنوبی ہند کی ساری ریاستیں سخت نالاں ہیں۔ سنگھ پریوار سنسکرت اور ہندی کے علاوہ ساری زبانوں کو حقارت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ وہ بھول جاتا ہے کہ ہندی زبان کی عمر محض ۸۰۰/سال ہے جب کہ تامل بھی ۲/ہزار سال پُرانی زبان ہے۔ تیلگو، ملیالم، کنڑ اور تامل زبانوں کے پاس بے پناہ ادبی ورثہ موجود ہے مگر سنگھ پریوار سنسکرت اور سنسکرت آمیز ہندی کو پورے مُلک پر تھوپنا چاہتا ہے اور موجودہ سرسنگھ چالک تو اس ہندی پریم میں ایسے اندھے ہوئے جا رہے ہیں کہ وہ اپنی مادری زبان مراٹھی کی جڑیں اُکھاڑنے پر بھی امادہ ہیں اور اس بناء پر جنوب کی چار ریاستوں کے ساتھ اب مہاراشٹر کی (۱۲/کروڑ میں سے) ۸/کروڑ مراٹھی آبادی بھی مشتعل ہے۔ البتّہ سنگھ پریوار اپنے، ہندی، ہندو، ہندوستان، کے دیرینہ خواب کو پورا کرنے پر اس قدر اُتاولا ہے کہ اُسے کسی عوامی احتجاج یا انتشار کی بھی فکر نہیں ہے۔ کوئی اُس سے یہ دریافت کرتا ہے کہ آخر ہندی ریاستوں میں سہ لسانی فارمولے پر عمل کیوں نہیں ہو رہا ہے، وہاں پر جنوبی ہند کی کسی زبان کو پھلنے پھولنے کا موقع کیوں نہیں ملتا؟ ہمیں تو خدشہ یہ بھی ہے کہ یہ سنگھ پریوار یہ سوال کرے کہ آخر مُلک کا قومی ترانہ بنگالی زبان میں کیوں ہے، ہندی یا سنسکرت میں کیوں نہیں؟

# بلاک بسٹر فلمیں، تنہائی اور نیند کی گولیاں: عظیم فلمساز گرو دت کی زندگی کا وہ پہلو جس کے بارے میں کم لوگ جانتے ہیں

**یاسر عثمان**

معروف انڈین ہدایت کار اور اداکار گرو دت کی جب سنہ 1964 میں وفات ہوئی تو اُس وقت اُن کی عُمر صرف 39 سال تھی، لیکن انھوں نے انڈین سینما پر ایسے نقوش چھوڑے ہیں جن کی بدولت انھیں آج بھی یاد کیا جاتا ہے۔ وہ 9 جولائی 1925 کو انڈیا کی جنوبی ریاست کرناٹک میں پیدا ہوئے۔ آئندہ ہفتے ان کی پیدائش کا صد سالہ جشن منایا جائے گا۔ لیکن کیمرے کے پیچھے موجود شخص کی پریشان کر دینے والی ذہنی صحت اور اس کے خلاف اُن کی نہ ختم ہونے والی جنگ کے بارے میں بہت سی باتیں غیر واضح ہیں۔ 'پیاسا' اور 'کاغذ کے پھول' جیسی کلاسیکی ہندی فلموں کے پروڈیوسر گرو دت نے فلم سازی میں اپنا نام اپنے کام اور انوکھے انداز کی وجہ سے بنایا۔ ان کے پیچیدہ کردار اکثر ان کی ذاتی جدوجہد کی عکاسی کرتے ہیں۔ ان کی کہانیوں نے بلندیوں کو چھوا، اُن کی بنائی فلمیں دیکھنے والوں کو زندگی کی تلخ حقیقت کا سامنا کرنے اور حقیقت کو سمجھنے میں مدد دیتی ہیں۔ گرو دت کی شروعات عاجزانہ تھی اور ان کا بچپن مالی مشکلات اور ہنگامہ خیز خاندانی حالات میں گزرا۔ جب ان کا خاندان کام کی تلاش میں مشرقی ہندوستان کے بنگال منتقل ہوا تو نوجوان دت اس خطے کی ثقافت سے بہت متاثر ہوئے۔ 1940 کی دہائی میں بمبئی فلم انڈسٹری میں قدم رکھنے کے بعد انھوں نے اپنا لقب پاڈوکون چھوڑ دیا۔ انھوں نے ہدایت کار کے طور پر نہیں بلکہ کوریوگرافر کے طور پر اپنے کیریئر کا آغاز کیا اور اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ٹیلی فون آپریٹر کے طور پر بھی کام کیا۔ اس دہائی میں ہندوستان کی آزادی کی جدوجہد تیز ہو گئی تھی۔ ان حالات نے ایک فلمساز کے کام اور لگن کو متاثر کیا۔ اس دوران انھوں نے 'کشمکش' نامی کہانی لکھی، جو سماجی مایوسی پر مبنی تھی۔ اسے بعد میں سینیما میں ایک شاہکار 'پیاسا' کی صورت میں پیش کیا گیا۔ گرو دت کی دوستی دیو آنند سے ہوئی جو بہت جلد ایک انتہائی شاندار اداکار کے طور پر سامنے آئے، دیو آنند نے گرو دت کو 1951 میں اپنی پہلی فلم کی ہدایت کاری کرنے کا موقع دیا۔ جس کے بعد ان کی فلم 'بازی' نے ان دونوں کو سرخیوں کی زینت بنا دیا۔ انھیں مشہور گلوکارہ گیتا رائے سے محبت ہو گئی اور اُن کے قریب رہنے والے بہت سے لوگوں کے مطابق اُن کی زندگی کے یہ ابتدائی سال ان کے لیے سب سے زیادہ خوشگوار تھے۔ دت نے اپنی فلم کمپنی شروع کرنے کے بعد رومانوی مزاحیہ فلموں 'آر پار' اور 'مسٹر اینڈ مسز 55' کے ساتھ بیک ٹو بیک ہٹ فلمیں بنائیں۔ دونوں میں وہ مرکزی کردار ادا کر رہے تھے۔ لیکن اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کو پرکھنے اور پھر ان کا استعمال کرتے ہوئے انھوں نے اپنی فیصلہ کن فلم 'پیاسا' بنائی۔ یہ فلم ایک مادہ پرست دنیا میں ایک فنکار کی جدوجہد کی عکاسی کرتی ہے اور دہائیوں بعد یہ ٹائم میگزین کی 20 ویں صدی کی 100 عظیم ترین فلموں کی فہرست میں واحد ہندی فلم بنی۔ دت کی مرحوم چھوٹی بہن للیتا لاجمی جنھوں نے یاسر عثمان کے ساتھ اُن کی سوانح حیات لکھنے میں مدد کی تھی، نے کہا کہ پیاسا ان کے بھائی کا 'ڈریم پروجیکٹ' تھا اور 'وہ چاہتے تھے کہ یہ مکمل ہو۔' ایک ہدایت کار کی حیثیت سے دت کو فلم بنانے کا شوق تھا، انھوں نے سکرپٹ اور مکالموں میں بہت سی تبدیلیاں کیں اور کیمرے کی تکنیک کے ساتھ تجربات کیے۔ وہ مناظر کو تلف کرنے اور دوبارہ شوٹ کرنے کے لیے جانے جاتے تھے اور 'پیاسا' کے دوران انھوں نے اس فلم میں دکھائے جانے والے مشہور کلائمکس سیکوئنس کے 104 ٹیکس کیے۔ لاجمی نے کہا کہ 'جب چیزیں ٹھیک نہیں ہوتی تھیں تو وہ چیختے اور اُن کا موڈ آف ہو جاتا۔' 'نیند اُن سے دور رہنے لگی۔ شراب کا غلط استعمال اور اس پر انحصار شروع ہو چکا تھا۔ اپنی بدترین حالت میں، انھوں نے نیند کی گولیوں کے ساتھ تجربات کرنا شروع کیے، وہ انھیں اپنی وھسکی میں ملا دیا کرتے۔ گرو دت نے 'پیاسا' بنانے کے لیے اپنا سب کچھ اپنی نیند، اپنے خواب اور اپنی یادیں، سب کچھ داؤ پر لگا دیا۔' سنہ 1956 میں جب ان کا ڈریم پروجیکٹ تکمیل کے قریب تھا تو 31 سالہ گرو دت نے خودکشی کی کوشش کی۔ لاجمی نے بتایا: 'جب ہمیں یہ خبر ملی کہ دت نے خودکشی کی کوشش کی ہے تو ہم پالی ہل (جہاں وہ رہتے تھے) پہنچے۔ میں جانتی تھی کہ وہ ذہنی مُشکلات کا شکار تھے۔ وہ اکثر مجھے فون کرتے تھے اور کہتے تھے کہ ہمیں بات کرنے کی ضرورت ہے لیکن جب میں وہاں پہنچتی تو وہ اس بارے میں بات ہی نہیں کرتے تھے۔' 'لیکن ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد، فیملی کی طرف سے کوئی پیشہ ورانہ مدد نہیں مانگی گئی۔ ذہنی صحت اس وقت 'سماجی طور پر انتہائی معیوب' موضوع سمجھا جاتا تھا اور 'پیاسا' پر بھاری سرمایا لگا ہوا تھا کہ جس کی وجہ سے لاجمی نے کہا کہ فیملی نے اپنے بھائی کی اندرونی کیفیت کے ساتھ ہی آگے بڑھنے کی کوشش کی۔ 1957 میں ریلیز ہونے والی فلم 'پیاسا' سپرہٹ فلم ثابت ہوئی جس کی بدولت دت شہرت کی نئی بلندیوں تک پہنچ گئے۔ لیکن فلم ساز اکثر اپنی کامیابی کے باوجود خالی پن کے احساس کا اظہار کرتے تھے۔ پیاسا کے چیف سینماٹوگرافر وی کے مورتی نے دت کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ وہ کہتے تھے کہ 'میں ایک اچھا ہدایت کار بننا چاہتا تھا، ایک اداکار اور اچھی فلمیں بنانا چاہتا تھا، یہ وہ سب تھا کہ جو میں نے حاصل کیا۔ میرے پاس پیسہ ہے، میرے پاس سب کچھ ہے، پھر بھی میرے پاس کچھ نہیں ہے۔' دت کی فلموں اور ان کی ذاتی زندگی کے درمیان ایک عجیب تضاد بھی تھا۔ ان کی فلموں میں اکثر مضبوط، آزاد خواتین کو دکھایا جاتا تھا، لیکن سکرین سے باہر، جیسا کہ لاجمی یاد کرتے ہوئے کہتی ہیں کہ وہ توقع کرتے تھے کہ ان کی اہلیہ زیادہ روایتی کرداروں کو اپنائیں اور چاہتے تھے کہ وہ صرف ان کی کمپنی کی تیار کردہ فلموں میں گائیں۔ اپنی کمپنی کو کامیابی سے چلانے کے لیے دت کا ایک سادہ سا اصول تھا: ہر فنکارانہ تجربے کے بعد ایک ایسی فلم بنائی جائے جو تجارتی طور پر کامیاب ہو۔ مگر 'پیاسا' کی کامیابی سے حوصلہ پا کر انھوں نے اپنا ہی اصول نظرانداز کر دیا اور براہ راست اپنی ذاتی اور مہنگی فلم 'کاغذ کے پھول' بنانے میں لگ گئے۔ یہ فلم ایک فلم ساز کی ناخوشگوار شادی اور اپنی تخلیقی تحریک (میوز) کے ساتھ الجھے رشتے کی کہانی بیان کرتی ہے۔ فلم ایک غیر معمولی انداز میں اس وقت ختم ہوتی ہے جب فلمساز شدید تنہائی اور ناکام رشتوں سے سمجھوتہ نہ کر پانے کے باعث موت کا شکار ہو جاتا ہے۔ اگرچہ آج اسے ایک کلاسک فلم مانا جاتا ہے لیکن اُس وقت یہ تجارتی طور پر ناکام رہی، اور کہا جاتا ہے کہ دت اس دھچکے سے کبھی سنبھل نہ سکے۔ چینل 4 کی ڈاکیومنٹری 'اِن سرچ آف گرو دت' میں ان کی ساتھی اداکارہ وحیدہ رحمان نے گرو دت کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ 'وہ کہتے تھے کہ زندگی میں دو ہی تو چیزیں ہیں: کامیابی اور فیلئر، بیچ میں کچھ نہیں ہے۔' 'کاغذ کے پھول' کے بعد انھوں نے پھر کوئی فلم ڈائریکٹ نہیں کی۔ لیکن وقت کے ساتھ ان کی کمپنی نے دوبارہ سنبھل گئی اور انھوں نے 'چودھویں کا چاند' کے ساتھ بطور پروڈیوسر ایک زبردست واپسی کی، جو ان کے کیریئر کی سب سے بڑی تجارتی کامیابی ثابت ہوئی۔ اس کے بعد انھوں نے 'صاحب بی بی اور غلام' پر کام شروع کیا جس کی ہدایت کاری ان کے قابلِ اعتماد سکرین پلے رائٹر ابرار علوی نے کی۔ لجمی کے مطابق اس وقت تک ان کی ذاتی زندگی شدید انتشار کا شکار ہو چکی تھی اور ان کے مزاج میں اتار چڑھاؤ نمایاں ہو چکے تھے۔ فلم ایک ایسی عورت کی تنہائی کو پیش کرتی ہے جو ایک بے وفا اور ظالم جاگیردار کے ساتھ ایک شاندار مگر فرسودہ سماجی دنیا میں ایک بنا محبت والی شادی میں قید ہے۔ مصنف بمل مترا یاد کرتے ہیں کہ گرو دت نے انھیں اپنی نیند کی کمی اور نیند کی گولیوں پر انحصار کے بارے میں بتایا تھا۔ تب تک ان کی شادی ٹوٹ چکی تھی اور ذہنی حالت بھی بگڑ چکی تھی۔ مترا کو گرو دت کے ساتھ کئی ایسی گفتگو یاد ہیں جن میں وہ بار بار کہا کرتے تھے: 'مجھے لگتا ہے کہ میں پاگل ہو جاؤں گا۔' ایک رات، دت نے ایک بار پھر خودکشی کی کوشش کی۔ وہ تین دن تک بے ہوش رہے۔ لجمی بتاتی ہیں کہ اس واقعے کے بعد ڈاکٹر کے مشورے پر ان کے خاندان نے ایک ماہرِ نفسیات سے دت کے علاج کے لیے رابطہ کیا مگر وہ ان کے پاس دوبارہ نہ گئے۔ لجمی نے افسوس کے ساتھ کہا 'ہم نے دوبارہ کبھی ماہرِ نفسیات کو نہیں بلایا۔' برسوں تک وہ یہ سمجھتی رہیں کہ ان کا بھائی خاموشی سے مدد کے لیے پکار رہا تھا، شاید وہ ایک ایسے اندھیرے میں پھنس گئے تھے جہاں کوئی بھی ان کا درد نہ دیکھ سکتا، اتنے گہرے اندھیرے میں کہ وہ خود بھی اس سے نکلنے کا راستہ نہ پا سکے۔ چند دن بعد جب دت کو ہسپتال سے چھٹی ملی تو 'صاحب بی بی اور غلام' کی شوٹنگ دوبارہ ایسے شروع ہو گئی جیسے کچھ ہوا ہی نہ ہو۔ جب بمل مترا نے اس واقعے کے بارے میں ان سے پوچھا، تو دت نے کہا: 'آج کل میں اکثر سوچتا ہوں کہ وہ کیا بے چینی تھی، کیا بے قراری تھی کہ میں خودکشی پر آمادہ ہو گیا؟ جب میں اس بارے میں سوچتا ہوں تو خوف سے کانپ اٹھتا ہوں۔ لیکن اُس دن، نیند کی گولیاں نگلنے میں مجھے کوئی تذبذب محسوس نہیں ہوا۔' یہ فلم کامیاب ہوئی اور 1963 کے برلن فلم فیسٹیول میں انڈیا کی نمائندگی کی اور ایک قومی ایوارڈ بھی حاصل کیا۔ لیکن دت کی ذاتی مشکلات بڑھتی ہی گئیں۔ وہ اپنی بیوی سے الگ ہو گئے۔ اگرچہ فلموں میں اداکاری کرتے رہے مگر اندرونی طور پر وہ شدید تنہائی کا شکار رہے۔ اکثر تناؤ سے نجات کے لیے شراب اور نیند کی گولیوں کا سہارا لیتے۔ 10 اکتوبر سنہ 1964 کو 39 سال کی عمر میں گرو دت اپنے کمرے میں مردہ پائے گئے۔ ان کی ساتھی اداکارہ وحیدہ رحمان نے 1967 کے 'جرنل آف فلم انڈسٹری' میں لکھا: 'مجھے معلوم ہے کہ وہ ہمیشہ اسی (موت) کی خواہش کرتے رہے، اسی کی تمنا کرتے رہے۔۔۔ اور وہ اُسے پا گئے۔' جیسے 'پیاسا' کے مرکزی کردار کے ساتھ ہوا، ویسے ہی گرو دت کو اصل پہچان ان کی وفات کے بعد ملی۔ سینما سے محبت رکھنے والے آج بھی یہ سوچتے ہیں کہ اگر وہ کچھ عرصہ اور زندہ رہتے تو کیا ہوتا؟ شاید وہ اپنی شاعرانہ اور بامعنی فلموں کے ذریعے انڈیا سینما کا نقشہ مزید بدل کر رکھ دیتے!



(بی بی سی اُردو سروس)

